## زیادہ سے زیادہ لوگوں کو بچت اور تحفظ کی طرف مائل کیا جائے، اظہر حسین

### میر پور آزاد کشمیر میں تقریب تقسیم انعامات سے ریجنل چیف نارتھ کا خطاب

میر پور آزاد کشمیر کی مارکیٹنگ فورس کی ایک شاندار تقریب مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی ریجنل چیف (نارتھ) جناب اظہر حسین تھے۔ مہمان خصوصی کا زونل ہیڈ سید اشرف حسین رضوی اور ان کے رفقائے کار نے پرتپاک استقبال کیا۔ میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی سعادت سیلز آفیسر اشفاق تبسم نے حاصل کی۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض زاہد محمود مرزا سیکٹر ہیڈ نے انجام دیئے۔ خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے ساجد اقبال سیکٹر ہیڈ میر پور نے ریجنل چیف کو خوش آمدید کہا اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی آمد ہمارے لیے باعث برکت ہوگی۔





زونل ہیڈ سید اشرف حسین رضوی نے اپنے خطاب میں زونل چیف کو خوش آمدید کہا اور تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا میر پور زون کا تمام تر علاقہ پہاڑی اور دشوار گزار ہے۔ ہماری فیلڈ فورس بہت باہمت اور پرُعزم ہے۔ یہ موسمی حالات سے گھبرانے والی نہیں بلکہ اپنے اہداف کو ہر صورت میں پایہ تکمیل تک پہنچانے والے ہیں۔ انہیں اپنے بیمہ داروں تک رسائی کے لیے کافی محنت کرنی پڑتی ہے مگر اس کے باوجود ان کے حوصلے بلند ہیں۔

انہوں نے مزید کہا انشاء اللہ میر پور آزاد کشمیر زون نہ صرف ناردرن ریجن بلکہ کارپوریشن کی سطح پر کارکردگی کے لحاظ سے نمایاں پوزیشن حاصل کرے گا۔ ریجنل چیف ناردرن ریجن جناب اظہر حسین نے اپنے خطاب میں تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے بڑے خلوص اور محبت کے ساتھ میرا استقبال کیا اس پر میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

انہوں نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ بہت باہمت اور باکمال ہیں جو لوگوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ پہنچا رہے ہیں آپ نے کبھی بھی رکاوٹوں کی پروا نہیں کی۔ میر پور زون کی اعلیٰ روایات کو آپ نے آگے بڑھانا ہے اور اپنے زون کو پورے پاکستان میں پہلی پوزیشن پر لانا ہے۔


انہوں نے مزید کہا کہ ماہ رواں ہمارا ہر ایک سیلز نمائندہ کم از کم ایک پالیسی ضرور مکمل کرے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو بچت اور تحفظ کی طرف مائل کیا جائے کیونکہ موجودہ دور میں انشورنس کی اہمیت میں بے حد اضافہ ہو رہا ہے اور آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کا تعلق اس ادارے سے ہے جس کی خدمات کا پورا پاکستان معترف ہے۔ ہمارا یہ عظیم ادارہ نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی ممالک میں بھی لوگوں کو بیمہ زندگی کی سہولیات مہیا کر رہا ہے۔

ریجنل چیف کے خطاب کے بعد قرعہ اندازی کا سلسلہ شروع ہوا۔ دس موٹر سائیکلیں، عمرہ کے ٹکٹ، واشنگ مشینیں، ڈنر سیٹ/ ٹی سیٹ سمیت کل 160 انعامات بذریعہ قرعہ اندازی مارکیٹنگ فورس میں تقسیم کیے گئے۔

## 2 کروڑ 45 لاکھ روپے کا میچورٹی کلیم، بیمہ دار جناب عبدالرحمٰن کا دانشمندانہ فیصلہ

جناب عبدالرحمٰن ایک کاروباری آدمی ہیں۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف سے اپنی فیملی کے لیے ایک درجن کے لگ بھگ بیمہ پالیسیاں لے رکھی ہیں۔ جو ان کا دانشمندانہ فیصلہ ہے۔ جن میں سے آدھی درجن پالیسیاں میچور ہو چکی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی تحفظ اور بچت کے علاوہ بہترین سرمایہ کاری بھی ہے کیونکہ اتنا منافع کوئی ادارہ نہیں دیتا جبکہ حادثات کو کور بھی کرتا ہے۔ مذکورہ پالیسی جناب عبدالرحمٰن نے دسمبر 1994ء میں لی تھی۔ 20 سال تک باقاعدہ پریمیئم کی رقم تقریباً 3 لاکھ 82 ہزار روپے قسط ادا کرتے رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ میں اسٹیٹ لائف سے مطمئن ہوں۔ اللہ اسٹیٹ لائف کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ (آمین)

واضح رہے کہ یہ پالیسی کراچی سدرن زون کے سیلز منیجر جناب محمد امین ڈھیڈی کے توسط سے لی گئی تھی۔ بیمہ دار عبدالرحمٰن ان کی خدمات بعد از فروخت سے اتنے مطمئن ہیں کہ ان سے ایک درجن کے لگ بھگ پالیسیاں لے رکھی ہیں، تاہم ابھی یہ سلسلہ جاری ہے۔ بعد از فروخت خدمات کی فراہمی سے نہ صرف تجدیدی استحکام حاصل ہوتا ہے بلکہ نئی پالیسیاں فروخت کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ (تحفظ رپورٹ)



کراچی سدرن زون: 2 کروڑ 45 لاکھ 77 ہزار روپے کا میچورٹی چیک سیکٹر ہیڈ جناب لطیف کیانی، پالیسی ہولڈر جناب عبدالرحمٰن کو پیش کر رہے ہیں، سیلز منیجر جناب محمد امین ڈھیڈی نمایاں ہیں

# اس سال اسٹیٹ لائف کے 14 ملازمین حج کی سعادت حاصل کریں گے

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اعجاز علی خان نے قرعہ اندازی کی

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اعجاز علی خان نے اس موقع پر کہا کہ فرضی عبادتوں کے انجام دینے میں صبر درکار ہوتا ہے۔ برائیوں کو چھوڑ کر پاکیزہ زندگی اختیار کرنے کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ اس نیک رویے کا پھل انسان کو دنیا میں اور آخرت میں ملتا ہے۔ وہ گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف ایمپلائز کے لیے حج قرعہ اندازی برائے 2015ء کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر کارپوریشن کے اعلیٰ حکام، جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ صاحبان، آفیسران اور ایمپلائز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

جناب اعجاز علی شاہ نے مزید کہا کہ انتظامیہ اور سی بی اے کے حالیہ معاہدے کی روشنی میں کارپوریشن اس سال 14 ملازمین کو حج کی بابرکت سعادت کرائے گی۔ انشاءاللہ وقت کے ساتھ ساتھ یہ تعداد بڑھتی جائے گی اور ادارہ اس نیک کام میں اور بھی بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ جن حضرات کا نام قرعہ اندازی میں نکلا ہے میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ آپ حج بخیر و خوبی ادا کریں گے، قبل ازیں انہوں نے کمپیوٹر کا بٹن دبا کر خوش نصیب ایمپلائز کے ناموں کا قرعہ نکالا۔ واضح رہے کہ قرعہ اندازی میں شامل ہونے کی شرائط کم سے کم دس سال کی سروس اور 40 سال کی عمر کی حد ہے جبکہ خصوصی زمرے کے لیے عمر کی حد 59 سال ہے۔




حج قرعہ اندازی کی تقریب میں اسٹیج کا منظر




ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اعجاز علی خان قرعہ اندازی کر رہے ہیں






ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اعجاز علی خان قرعہ اندازی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# صلہ شہید کیا ہے؟



آرمی پبلک اسکول پشاور میں دہشت گردوں کے حملہ نے جہاں سیکڑوں بچوں کی جان لے لی اسی میں ایک جناب ظفر اقبال صدیقی ڈپٹی منیجر (ایف اینڈ اے) پشاور زون کے صاحبزادے شہید عثمان ظفر ہیں جو کہ وہاں میٹرک کا طالب علم تھا۔ تحفظ مرحوم کے لیے دعا گو ہے، اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اسٹیٹ لائف سوشل رسپانسیبلیٹی کمیٹی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز (BOD) کی منظوری سے پشاور زون کے ڈی ایم (F&M) جناب ظفر اقبال کو پانچ لاکھ روپے معاوضہ ادا کرنے کا اعلان کیا ہے، جن کا بیٹا آرمی پبلک اسکول، پشاور میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہو گیا تھا۔ جبکہ اسی سانحہ میں نیو بزنس، پشاور زون کی اے ایم، مسز خالدہ یاسمین کے زخمی ہونے والے بیٹے کے لئے دو لاکھ روپے معاوضہ ادا کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اسی مناسبت سے درج ذیل نظم پیش خدمت ہے۔

خامہء دل کو مرے آگ لگانے والے
حشر سے پہلے یہاں حشر اُٹھانے والے
قہر برسائیں گے اِن پر یہاں زمانے والے
ایسے سفاک جہنم میں ہیں جانے والے
میں نے اِک عمر ترے ساتھ گزاری ہے پسر
کیسے کہہ دوں کہ وہ لمحے ہیں بھلانے والے
میرے آنگن میں دمکتا ہے ترا روپ ابھی
روشنی گھر میں ہے اے خلد ٹھکانے والے
داستاں سن کے شہادت کی تری جان ظفر
خون روئیں گے میرے ساتھ زمانے والے
تجھ کو خالق نے اُسامہ جو شہادت بخشی
نور دیکھیں گے تری قبر پہ آنے والے

# ملتان ریجن میں منعقدہ پہلی سیکٹر ہیڈز کانفرنس

## تقریب میں جناب محسن عباس کی خصوصی شرکت







ملتان ریجن کی پہلی سیکٹر ہیڈ کانفرنس ملتان کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی جناب محسن عباس تھے۔

چوہدری اختر حسین، ریجنل چیف ملتان نے تمام مہمانان گرامی خصوصاً جناب محسن عباس کو ملتان آمد پر شکریہ ادا کیا۔ جناب محسن عباس نے کانفرنس میں ملتان ریجن کے سیکٹر ہیڈز کی 2014 میں کاروباری سرگرمیوں کا جائزہ لیا، جسے ملٹی میڈیا کے ذریعے پیش کیا گیا۔ جناب محسن عباس نے سال 2014ء کی بنیاد پر پہلے تین سیکٹر ہیڈز کو خصوصی طور پر سراہا اور ان کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔

آخر میں سال 2015ء کے پہلے کوارٹر کے کاروباری اہداف کو مکمل کرنے کے لیے اپنے تجربات کی روشنی میں پلاننگ پیش کی اور تمام سیکٹر ہیڈز کے لیے بہترین کانٹیسٹ کا اعلان کیا۔

رپورٹ: سید منظر عباس رضوی
اسسٹنٹ، پی آر او ملتان ریجن



# جنرل منیجر جناب ریاض احمد شیخ ڈویژنل ہیڈ رئیل اسٹیٹ ہوگئے



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق جناب ریاض احمد شیخ کو ڈویژنل ہیڈ رئیل ایسٹیٹ تعینات کیا گیا ہے۔ اس سے قبل وہ جنرل منیجر / ڈویژنل ہیڈ پی اینڈ جی ایس کی ذمہ داریاں سنبھال رہے تھے۔

جناب ریاض احمد شیخ، پیشہ ورانہ لحاظ سے تجارت اور کاروباری گروپ سے وابستہ ہیں۔ وہ این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کراچی سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں بیچلرز ہیں جبکہ سوئٹزرلینڈ برن، ورلڈ ٹریڈ انسٹیٹیوٹ سے انٹرنیشنل ٹریڈ لاء اور اکنامکس میں ماسٹرز ہیں۔

جناب ریاض احمد شیخ گزشتہ 14 سال سے زائد عرصے سے گورنمنٹ کے کمرشل اور کاروباری اداروں میں ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ وہ اسٹیٹ لائف میں اگست 2014ء سے کام کر رہے ہیں۔ قبل ازیں وہ مارچ 2013ء سے مئی 2014ء تک بیجنگ (چین) پاکستانی ایمبیسی میں کاروباری، تجارتی صلاح کار و مشیر ذمہ داریاں نبھا رہے تھے۔ اس سے پہلے وہ جون 2010 سے فروری 2013ء تک بطور سیکریٹری ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی سے وابستہ تھے، وہاں وہ انڈسٹریل زون میں ایکسپورٹ لیڈ سرمایہ کاری کے علاوہ لیگل معاملات بھی دیکھ رہے تھے۔ اس کے علاوہ 2009ء سے جون 2010ء تک انہوں نے ٹی ڈی اے پی میں ڈائریکٹر ایچ آر اور فنانس کام کیا جبکہ 2004ء سے 2009ء تک ڈپٹی ڈائریکٹر ایکسپو سینٹر اور ایکسپو پاکستان سے منسلک رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اسٹیٹ لائف کا شمار ان چند پبلک سیکٹر آرگنائزیشنز میں ہوتا ہے جن کا مستقبل روشن اور تابندہ ہے۔

ادارہ تحفظ انہیں نئی ذمہ داریوں میں استقامت کے لیے دعا گو ہے اور مبارکباد پیش کرتا ہے۔ (تحفظ رپورٹ)

# چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو کا لاہور زون کی کارکردگی پر خراج تحسین

## فیلڈ فورس کی بہتری کے لیے اقدامات پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس کا اظہار خیال



لاہور کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب میں چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ جناب محسن عباس کا استقبال ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان نے زونل سربراہان چوہدری انجم رشید اور ذوالفقار علی گیلانی کے ہمراہ کیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے ہوا تقریب کی کارروائی کی نظامت زونل ہیڈ سینٹرل زون چوہدری انجم رشید نے کی۔

ٹاپ پوزیشن ہولڈر سیلز منیجر اور ایریا منیجر کو اسٹیج پر بٹھایا گیا اپنے خطبہ استقبالیہ میں ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان نے ریجن کی کارکردگی اور بزنس پر روشنی ڈالی۔ جناب طاہر احمد خان نے فیلڈ کارکنان کی کثیر تعداد میں فنکشن میں شرکت پر ان کے بیمہ کے پیشے سے وابستہ ہونے کا ثبوت قرار دیا اور تمام فیلڈ کارکنان کی انتھک محنت کو خراج تحسین پیش کیا۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے فیلڈ فورس کی بہتری کے لیے اقدامات پر اظہار خیال کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ فیلڈ فورس کے معاملات کو چیئرپرسن صاحبہ بہت سنجیدگی سے حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہیں۔

اس کے بعد تمام پوزیشن ہولڈرز کو اعزازات سے نوازا گیا۔ اپنے خطاب میں چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے سینٹرل ریجن اور بالخصوص لاہور زونز کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا اور مزید بہتری کے لیے دن رات محنت کرنے کا کہا۔

مارکیٹنگ فورس کی بہتری اور کامیابی کے لیے مزید اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔

رپورٹ محمد مبشر حنیف
انچارج زونل ہیڈ سیکریٹریٹ






بینک ایشورنس نے اپنا بیس 2014 مئی کے مہینے میں مکمل کرنے پر جناب گیان چند کیک کاٹ رہے ہیں، اس موقع پر چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز و دیگر بھی نمایاں ہیں

# فیلڈ کارکنان اپنے اہداف کی تکمیل کرنے اور ٹارگٹ حاصل کرنے پر توجہ دیں، محترمہ نرگس گھلو

## لاہور سینٹرل زون میں تقریب تقسیم انعامات سے چیئر پرسن اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا خطاب

لاہور کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب میں چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ جناب محسن عباس کا استقبال ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان نے زونل سربراہان چوہدری انجم رشید اور ذوالفقار علی گیلانی کے ہمراہ کیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے ہوا تقریب کی کارروائی کی نظامت زونل ہیڈ سینٹرل زون چوہدری انجم رشید نے کی۔

ٹاپ پوزیشن ہولڈر سیلز منیجر اور ایریا منیجر کو اسٹیج پر بٹھایا گیا اپنے خطبہ استقبالیہ میں ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان نے ریجن کی کارکردگی اور بزنس پر روشنی ڈالی۔ جناب طاہر احمد خان نے فیلڈ کارکنان کی کثیر تعداد میں فنکشن میں شرکت پر ان کے بیمہ کے پیشے سے وابستہ ہونے کا ثبوت قرار دیا اور تمام فیلڈ کارکنان کی انتھک محنت کو خراج تحسین پیش کیا۔





ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے فیلڈ فورس کی بہتری کے لیے اقدامات پر اظہار خیال کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ فیلڈ فورس کے معاملات کو چیئر پرسن صاحبہ بہت سنجیدگی سے حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہیں۔

اس کے بعد تمام پوزیشن ہولڈرز کو اعزازات سے نوازا گیا۔ اپنے خطاب میں چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو نے سینٹرل ریجن اور بالخصوص لاہور زونز کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا اور مزید بہتری کے لیے دن رات محنت کرنے کا کہا۔

مارکیٹنگ فورس کی بہتری اور کامیابی کے لیے مزید اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔

رپورٹ محمد مبشر حنیف
انچارج زونل ہیڈ سیکریٹریٹ
لاہور سینٹرل زون





## سیالکوٹ زون آئندہ بھی اپنے اہداف مکمل کر کے کارپوریشن میں نمایاں پوزیشن حاصل کرے گا، محترمہ نرگس گھلو

### ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس کی طرف سے سیالکوٹ زون کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار

8 مئی 2015ء کو چیئرپرسن اسٹیٹ لائف محترمہ نرگس گھلو نے سیالکوٹ زون کا دورہ کیا۔ جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب محسن عباس اور سینٹرل ریجن کے قائد جناب طاہر احمد خان بھی ہمراہ تھے۔

تقریب میں فیلڈ فورس کے ساتھ سیالکوٹ زون کے آفیسرز ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز نے بھی شرکت کی۔

مندرجہ گرینڈ فنکشن میں بہترین کارکردگی کے حامل ایریا منیجرز اور سیلز نمائندگان، سیلز آفیسرز اور سیلز منیجرز کو پھولوں کے ہار پہنا کر عزت افزائی کی گئی اور چیئرپرسن کے نام سے گولڈ میڈلز انعام میں رکھے گئے اور گولڈ میڈلز پہنائے گئے۔

اسی تقریب میں 22 موٹر سائیکلز کی قرعہ اندازی بھی ہوئی چیئرپرسن نے پرچیاں نکالیں اور جنرل منیجر مارکیٹنگ نے قرعہ اندازی میں کامیاب افراد کا اعلان کیا۔

کمپیئرنگ کے فرائض سیکٹر ہیڈ سید فاخر حسین رضوی نے سرانجام دیئے۔ تقریب میں نارروال اور جہلم زون کے زونل سربراہان نے بھی شرکت کی۔

زونل سربراہ سیالکوٹ زون نے خطبہ استقبالیہ میں مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور سیالکوٹ زون کی کارکردگی اور دیگر مسائل پر گفتگو کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ حالات کچھ بھی ہوں، سیالکوٹ زون کارپوریشن میں اپنا نمایاں مقام برقرار رکھے گا۔

ریجنل چیف سینٹرل نے اپنی گفتگو میں چیئرپرسن کو خوش آمدید کہا اور نارروال زون بنانے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور یقین ظاہر کیا کہ وہ دن بھی دور نہیں کہ جب سیالکوٹ زون میں سے مزید زون نکلیں گے اور سیالکوٹ زون ریجن قرار پائے گا۔

جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے اپنی گفتگو میں سیالکوٹ زون کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ ابھی بہتری کی بہت گنجائش ہے۔ جی ایم نے اس موقع پر سیالکوٹ زون اور گجرات زون کے مقابلے کا بھی اعلان کیا۔

آخر میں چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے اپنی گفتگو میں سیالکوٹ زون کی مجموعی کارکردگی کی تعریف کی اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی سیالکوٹ زون اپنے اہداف مکمل کرنے کی سرتوڑ کوشش کرتے ہوئے کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔








رپورٹ: ایس فاخر ایچ رضوی
منیجر مارکیٹنگ، سیالکوٹ زون

## چیئرپرسن اسٹیٹ لائف محترمہ نرگس گھلو کے دورہ گلف زون کی تصویری جھلکیاں







# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



گجرات زون: زونل سربراہ چوہدری رخسار احمد قیصر، بیمہ دار محمد رفیق مرحوم کی بیوہ محترمہ نسرین بی بی کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/42,00,000 روپے جبکہ دوسری جانب بیمہ دار عاشر مہدی مرحوم کے والد جناب مہدی خان کو اسٹیٹ لائف کی جانب سے -/45,00,000 روپے کے چیکس پیش کیے جا رہے ہیں، تصویر میں سیکٹر ہیڈ جناب شوکت علی بھٹی، ایریا منیجر مرزا محمد اشتیاق اور دیگر بھی نمایاں ہیں۔



پشاور زون: زونل سربراہ جناب نمائش خان، پالیسی ہولڈر جناب وزیر خان کو میچورٹی کلیم چیک مبلغ -/1,404,400 روپے پیش کر رہے ہیں اس موقع پر سیلز منیجر جناب محمد اسلم خان بھی موجود ہیں



فیصل آباد: اے جی ایم (مارکیٹنگ) جناب محمد اکبر مغل، مرحوم ظفر اقبال کی بیوہ کو مبلغ -/21,06,770 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں جبکہ ایریا منیجر طاہر پرویز، سیلز نمائندہ محمد شاہد بھی ان کے ہمراہ ہیں یاد رہے کہ مرحوم نے بیمہ پالیسی کی ایک ہی قسط دی تھی جو ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں جانبر نہ ہو سکے تھے



راولپنڈی زون: ایریا منیجر جناب انجم سرور، بیمہ دار محمد سوالی خان مرحوم کی بیوہ مسماۃ عظمیٰ شاہین کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/1,075,000 روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں



لاہور ویسٹرن زون کے سیلز آفیسر خالد محمود کی وفات پر ان کی بیوہ کو 11 لاکھ روپے کا چیک دیا جا رہا ہے، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن سید حسن عباس حسینی اور جنرل سیکریٹری ادریس بھٹی زونل ہیڈ طاہر محمود چیمہ سے چیک دلوا رہے ہیں

# تصویری خبرنامہ



مارکیٹنگ ڈویژن میں جناب محسن عباس کی تعیناتی کی خوشی میں انہیں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر اور دیگر عہدیداران گلدستہ پیش کر رہے ہیں



سی بی اے اور مینجمنٹ کے مابین معاہدہ کی تصویری جھلکیاں، چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب اعجاز علی خان، جناب نسیم الحق، جناب جمیل انور اور ڈویژنل ہیڈ ریاض احمد شیخ معاہدے پر دستخط کرتے ہوئے، صدر ایمپلائز فیڈریشن جناب شاہد وحید اور دیگر نمائندگان نمایاں ہیں



بہاولپور زون میں سیلز منیجرز کی تربیتی نشست کے دوران پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی جناب مختار حسین اعوان کے ساتھ شرکاء کا گروپ فوٹو



محترمہ نرگس گھلو کو اسٹیٹ لائف کی چیئرپرسن بننے پر فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر گلدستہ پیش کر رہے ہیں



اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی جانب سے صدر مرزا اقبال بیگ اسسٹنٹ سیکریٹری جنرل جناب سہیل اقبال خان، فنانس سیکریٹری جناب اعظم علی، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس جناب اعجاز علی خان کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں



چیئرمین TDAP جناب ایس ایم منیر اور سابق وزیر سندھ میاں زاہد حسین، ریجنل چیف سدرن جناب محمد اقبال گل کے دفتر میں دورے کے موقع پر سابق زونل سربراہ جناب محمد خالد شیخ، سیکٹر ہیڈ جناب عابد مسعود انہیں خوش آمدید کہہ رہے ہیں



سیکریٹری جنرل اسٹیٹ لائف کلب اور لائف ممبر آرٹ کونسل جناب سہیل اقبال، سیکریٹری آرٹس کونسل محمد احمد شاہ کو مسلسل الیکشن جیتنے کی خوشی میں شیلڈ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر مسز احمد شاہ، شبنم خان اور کامیڈین علی حسن بھی موجود ہیں



ساہیوال زون: ایریا منیجر محمد اشرف شاکر پیر محکم الدین کی بیوہ عقیلہ ظہور کو 2 ڈیتھ کلیم چیکس مبلغ 5,25,000 پیش کرتے ہوئے واضح رہے کہ 15 سال تک FIB کی مد میں انہیں 20 ہزار روپے سالانہ وظیفہ ملے گا

# Agha Shamim Ahmed Khan

A Memory by

**Samee-ul-Hasan**

(Ex-Chairman State Life
19 May 2000 to 19 May 2003)

Agha Shamim Ahmed Khan's passing away on the 10th May 2015 is the end of an era in State Life's history. He and I met about 40 years ago, and I grew to respect his fine qualities. He understood the life insurance business thoroughly, including its business and legal aspects. In negotiations with the management, the pressed the field federation's view boldly, but with courtesy and backed by reasons.

Thanks o my esteemed predecessors, State Life had a strong balance sheet. This provided a platform to raise the volume and quality of new business, to improve persistency, and to make our field force more productive But, change is always difficult.

آئینِ نو سے ڈرنا، طرزِ کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں
(اقبال)

A Committee was setup in 2001 to re-examine the field structure, under the able Chairmanship of Mr. Taseer Yousuf Makhdoom. Agha Shamim's presenc in the Committee as the Field Federation's General Secretary, was of critical importance, because he had the vision to recognize the things had to change, and the courage to accept change. He enabled us to reach this.

In June 2001 the Committee unanimously agreed on measures, which had a far reaching effect on new business and persistency. The percentage total of First Year Commissions was reduced. FY commissions were linked to minimum quarterly production, and to the persistency of the previous year's new business. Minimum quotas would be increased every three years. The changes were implemented from 1 January 2002. The initial reaction Field Workers was not good, and some criticized Agha Sahib But Alhamdulillah the benefits started to pour in, and be proved to be their.

The Table shows the dramatic increase in FYP growth rates and second Year Persistency. I am not aware of any example in Pakistan's history, where a Committee's recommendations produced such great improvements so fast.

| Year | % Growth in FYP over previous year | 2nd year persistency |
|---|---|---|
| 1997 | (-) 13% | 43% |
| 1998 | (-) 13% | 51% |
| 1999 | (-) 3% | 45% |
| 2000 | (-) 20% | 52% |
| 2001 | 8% | 47% |
| 2002 | 20% | 73% |
| 2003 | 35% | 79% |
| 2005 | 20% | 82% |

| Year | % Growth in FYP over previous year | 2nd year persistency |
|---|---|---|
| 2006 | 19% | 82% |
| 2007 | 17% | 87% |
| 2008 | 34% | 85% |
| 2009 | 40% | 87% |
| 2010 | 34% | 87% |
| 2011 | 24% | 86% |
| 2012 | 16% | 82% |
| 2013 | 11% | 81% |

May Almighty Allah grant Agha Shamim maghfirat, and grant his family, friends and relatives, and his colleagues in State Life Sabr-e-Jameel to bear this loss Ameen, Ameen.

# “STATE LIFE ACTS AS A FAMILY” CHAIRPERSON, SLIC

"Be it Kashmore or Gilgit there is a presence of network comprising of elite Marketing Force, Area Managers, Officers and Staff that make State Life one family." This was stated by Ms. Nargis Ghallo, Chairperson, State Life while addressing the gathering of grand Agency Meeting held recently at Hyderabad Zonal office. She lauded the untiring efforts of marketing force who strive well to secure their respective business targets.




Ms. Nargis Ghaloo, Chairperson SLIC, Muhammad Izqar Khan, Executive Director, Mr. Dur Muhammad Baladi, RC, HRO and Mr. Masood Anwar Arain, Zonal Head Hyderabad addressing the gathering of grand Agency Meeting of SO's & SM's

The Chairperson said that SECP is regularly monitoring the performance of State Life being the Government body to regulate the insurance business in Pakistan and also said that all the major problems of field workers had been resolved and the remaining one will be resolved with the passage of time.

M. Izqar Khan, executive director marketing on the occasion said that stringent measures have been taken by the chairperson that include declaration of Bonus to Policyholders for the years 2012-2013, promotion of Sales Managers to Area Managers, Waiver of full late fees on revival of lapsed policies, launching of multimedia advertising campaigns on the print and electronic media to help promote the product and corporate image of State Life and support the marketing force in securing the business targets. The executive director marketing hoped that the year 2015 will dawn with new hope and aspirations for marketing force.

Mr. Dur Muhammad Baladi, regional chief, Hyderabad region, welcomed the Chairperson and Executive Director Marketing. Mr. Baladi said that all the zones of Hyderabad Region will complete their respective business targets by the end of December 2014.

Mr. Masood Anwar Arain, zonal head Hyderabad welcomed and the thanked Chairperson State Life and Executive Director Marketing in attending the grand agency meeting.

Mr. Mir Hussain Mughari, President State Life Field Workers Association thanked the Chairperson and Executive Director Marketing in solving their major problems faced by the field workers.

Mr. Hafiz Muhammad Hussain, Zonal Accountant, recited from the Holy Quran while Mr. Asghar Ali Solangi, Area Manager hosted the proceedings of the grand agency meeting. The meeting was attended by the Regional and Zonal Functional Heads, Sector Heads, Area Managers, Sales Managers, Sales Officers and Member of CBA. Lunch was hosted in the honor of the invitees of the grand Agency Meeting, while prizes and awards were distributed amongst the top business producers of December contest of Hyderabad zone.



Report by:

**Kamran Channa**
Manager (P&GS), Hyderbaad Zone